ABC CERTIFIED
DAILY CHAND SWAT
CPNE MEMBER

روزنامہ چاند سوات
عوام کی آواز
چیف ایڈیٹر: رشید اقبال
Reg No.475

جلد نمبر 17 ہفتہ 26 ستمبر 2020ء 08 صفر 1442ھ صفحات 8، قیمت 10 روپے شمارہ 263

# معلومات تک رسائی ہر شہری کا حق ہے ریاض داوڑزئی

## عوام کسی بھی محکمے کے سربراہ سے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت کسی بھی حوالے سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں

الپوری شانگلہ (نمائندہ چاند) ڈپٹی کمشنر شانگلہ کے دفتر میں رایٹ ٹو انفارمیشن کے حوالے سے ایک آگاہی نشست ہوئی، اجلاس سے خطاب کرتے (بقیہ 53 صفحہ 5)



انگلہ چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بقیہ نمبر 53 روزنامہ چاند سوات

ہوئے کمشنزار ٹی اے ریاض خان داوڑزئی نے کہا، کہ معلومات تک رسائی ہر شہری کا حق ہے، کوئی بھی کسی کو اس حق سے محروم نہیں کرسکتا، آپ کسی بھی محکمے کے سربراہ سے رایٹ تو انفارمیشن ایکٹ کے تحت کسی بھی حوالے سے معلومات حاصل کرسکتے ہے، تاہم قومی سلامتیکے حولے سے اپ کو اگر معلومات نہیں دے جاسکتے، تو متعلقہ آتھارٹی آپ کو اس کی حساسیت سے اگاہ کرے گا، معلومات تک رسائی کا قانون موجودہ حکومت نے عوام کو باخبر رکھنے کے لئے لاگو کیا ہے، اس سلسلے میں اب تک دس ہزار افراد کو معلومات فراہم کی جاچکی ہیں، سرکاری اداروں کے علاوہ اپ منتخب نمایندوں سے بھی پوچھ سکتے ہے، کہ اپ نے فنڈ کہاں اور کس مد میں استعمال کیا، اور وہ اس بات کے پابند ہیں، کہ اپ کو مکمل معلومات فراہم کریں، آر ٹی ائی بیس سو تیرہ میں عوام کی سہولت کے لئے لاگو کیا گیا ہے، اجلاس سے چیف کمشنر ساجد جدون نے خطاب کرتے ہوئے کہا، کہ رایٹ ٹو انفارمیشن کا قانون عام لوگوں کے وسیع تر مفاد میں بنایا گیا ہیں

# آر ٹی آئی ایکٹ کا مقصد سرکاری محکموں کا احتساب یقینی بنانا ہے ساجد جدون

## عوام کے فراہم کئے گئے مالی وسائل سے ہی سارا نظام چلتا ہے اس لئے عوام کو اس کا حساب مانگنے کا حق ہے، تربیتی ورکشاپ سے خطاب

سوات (ہینڈ آؤٹ) اطلاعات تک رسائی کے قانون کے تحت شہریوں کو سرکاری امور سے متعلق درکار معلومات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کیلئے ضلع شانگلہ کے سرکاری محکموں کے نامزد پبلک انفارمیشن افسروں کیلئے ایک تربیتی ورکشاپ جمعہ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد کی گئی ورکشاپ کا اہتمام خیبر پختونخوا انفامیشن کمیشن نے کیا تھا جس میں کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون اور کمشنر ریاض خان داوڑزئی کے علاوہ ضلعی محکموں، اداروں، دفاتر اور پولیس کے (بقیہ 19 صفحہ 5)

بقیہ نمبر 19 روزنامہ چاند سوات

سران نے شرکت کی پبلک انفارمیشن افسروں کو رائیٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کی اہمیت سے اگاہ کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی ایکٹ کا بنیادی مقصد عوام کے ذریعے سرکاری محکموں کا احتساب یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے فراہم کیے گئے مالی وسائل سے ہی سارا نظام چلتا ہے اس لئے عوام کو اس کا حساب مانگنے کا حق ہے جبکہ محکمے اس ریکارڈ کے محافظ ہیں جس میں آمدن اور خرچ سمیت انتظامی امور کی تفصیلات درج ہے اور یہ عوام کی امانت ہے جو طلب کرنے پر سرکاری محکمے انہیں فراہم کرنے کے پابند ہیں ساجد خان جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی نے ہر خاص و عام کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ کسی بھی محکمے سے سرکاری معلومات قانونی طور پر حاصل کرسکے انہوں نے کہا کہ ایکٹ کے تحت درخواست گزاروں کو حساس معاملات کے سوا تمام مطلوبہ اطلاعات کی فراہمی کیلئے پبلک انفارمیشن افسروں کو کسی اعلیٰ افسر کی اجازت کی ضرورت نہیں بلکہ اس معاملے میں وہ خود فائنل اتھارٹی ہے انہوں نے افسروں پر زور دیا کہ وہ اپنے محکمے کی تمام سرگرمیاں اور معلومات ویب سائیٹ پر خود ہی باقاعدگی سے اپ لوڈ کر دیا کریں جس سے ایکٹ کے تحت معلومات کے حصول میں 50 فیصد تک کمی آسکتی ہے۔



چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن کے پی ساجد خان جدون ڈی سی بونیر کو شیلڈ دے رہے ہیں

www.dailyazadiswat.com
ABC CERTIFIED | بولو آزادی سے......لکھو آزادی سے | MEMBER APNS/CPNE
Daily AZADI Swat
روزنامہ آزادی سوات
چیف ایڈیٹر ممتاز احمد صادق
سوات، اسلام آباد اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد روزنامہ
جلد نمبر 26 | ہفتہ 26 ستمبر 2020ء 8 صفر المظفر 1442ھ 12 اسوج 2077ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 266

# آر ٹی آئی ایکٹ کا مقصد محکموں کا احتساب یقینی بنانا ہے، ساجد جدون

## آر ٹی آئی نے ہر خاص و عام کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ کسی بھی محکمے سے سرکاری معلومات قانونی طور پر حاصل کر سکے

## عوام کے فراہم کئے گئے مالی وسائل سے ہی سارا نظام چلتا ہے اس لئے عوام کو اس کا حساب مانگنے کا حق ہے، گفتگو

شانگلہ (نمائندہ آزادی) اطلاعات تک رسائی کے قانون کے تحت شہریوں کو سرکاری امور سے متعلق درکار معلومات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کیلئے ضلع شانگلہ کے سرکاری محکموں کے نامزد پبلک انفارمیشن افسروں کیلئے ایک تربیتی ورکشاپ جمعہ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد کی گئی ورکشاپ کا اہتمام خیبر پختونخوا انفارمیشن کمیشن نے کیا تھا جس میں کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)



شانگلہ، چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن ساجد خان جدون اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بقیہ (20)

کمشنر ریاض خان داوٗدزئی کے علاوہ ضلعی محکموں، اداروں، دفاتر اور پولیس کے افسران نے شرکت کی پبلک انفارمیشن افسروں کو رائیٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی ایکٹ کا بنیادی مقصد عوام کے ذریعے سرکاری محکموں کا احتساب یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے فراہم کئے گئے مالی وسائل سے ہی سارا نظام چلتا ہے اس لئے عوام کو اس کا حساب مانگنے کا حق ہے جبکہ محکمے اس ریکارڈ کے محافظ ہیں جس میں آمدن اور خرچ سمیت انتظامی امور کی تفصیلات درج ہے اور یہ عوام کی امانت ہے جو طلب کرنے پر سرکاری محکمے انہیں فراہم کرنے کے پابند ہیں ساجد خان جدون نے کہا کہ آر ٹی آئی نے ہر خاص و عام کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ کسی بھی محکمے سے سرکاری معلومات قانونی طور پر حاصل کر سکے انہوں نے کہا کہ ایکٹ کے تحت درخواست گزاروں کو حساس معاملات کے سوا تمام مطلوبہ اطلاعات کی فراہمی کیلئے پبلک انفارمیشن افسروں کو کسی اعلیٰ افسر کی اجازت کی ضرورت نہیں بلکہ اس معاملے میں وہ خود فائنل اتھارٹی ہے انہوں نے افسروں پر زور دیا کہ وہ اپنے محکمے کی تمام سرگرمیاں اور معلومات ویب سائیٹ پر خود ہی باقاعدگی سے اپ لوڈ کر دیا کریں جس سے ایکٹ کے تحت معلومات کے